08/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت غل سے خبریں سُن

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ملک کے نوجوانوں کی صلاحیت میں اپنا بھر پور اعتماد ظاہر کرتے ہوئے کہاہے کہ وہ اپنے عزم کے ساتھ ایک ترقی یافتہ بھارت کو تشکیل دیں گے ۔ وہ نئی دلی میں منعقد ہونے والے 29 ویں نیشنل یوتھ فسٹیول میں شرکت کرنے کے لئے جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں Dialogue 2026 لیڈرس Young وکست بھارت کے 53 رکنی دستے کو روانہ کرتے وقت بول رہے تھے ۔ انہوں نے نوجوانوں سے کہا کہ وہ اپنے خوابوں کو اپنی زندگی کا بنیادی مقصد بنا کر زندگی میں آنے والے ہر چیلنج کو ایک سبق اور تجربے کے بطور قبول کرتے ہوئے سماج اور قوم کی تعمیر میں اپنی مثبت ذمہ داری انجام دیں ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے انتظامیہ پر زور دیا ہے کہ وہ ترقیاتی سرگرمیوں میں سرعت لا کر اس بات کو یقینی بنائیں کہ تعمیر و ترقی کے عمل کے فوائد زمینی سطح پر ہر فرد اور ہر گھر تک پہنچےں۔ سانبہ ضلع کے ترقیاتی منظر نامے کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ افسروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ تمام پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل یقینی بنانے کے لئے ہمہ وقت سر گرم رہیں ۔ نوجوانوں اور خواتین کو شمولیاتی اور دائمی ترقی میں مرکزی اہمیت کا حامل بتاتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیدا کرنے پر زور دیا جس کے لئے انہوں نے خاص طور پر مشن یوا کے تحت کارخانہ داری کو فروغ دینے اور سیلف ہیلپ گروپوں کو مضبوط کرنے پر زور دیا ۔

وزیر جاوید رانا

جل شکتی ، جنگلات و ماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ عوام کے سبھی جائز معاملات کو متعلقہ محکموں سے باہم مشاورت کے ساتھ حل کئے جائیں گے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ سرکار عوامی شکایات کی بر وقت چارہ جوئی اور ازالے کے لئے پُر عزم ہے اور عوامی نوعیت کے معاملات کے فوری حل کے لئے بر وقت اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔ وہ سرینگر میں ان سے ملنے آئے کئی وفود سے بات کر رہے تھے ، جنہوں نے الگ الگ نوعیت کے معاملات اجا گر کئے ۔

صوبائی کمشنر کشمیر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے اولڈ سیکریٹریٹ سرینگر میں ایک مخصوص پارکنگ سہولت کا افتتاح کیا ، جو اَمر نِواس کمپلیکس میں موجود دفاتر میں کام کرنے والے ملازمین کی پارکنگ ضروریات کو پورا کرے گی ۔ اس پارکنگ میں 50 گاڑیاں رکھنے کی سہولت موجود ہے ، جس کی بدولت متعلقہ دفاتر کے ملازمین کو زبر دست راحت ملے گی ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

خاص طور سے اراضی گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر کارروائی کر رہا ہے۔ ACB

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کے تاثرات ACB-

SMC

سرینگر میونسپل کارپوریشن میں مالی استحکام کو مضبوط کرنے اور ادارے سے دی جانے والی بلدیاتی خدمات میں بہتری کے کمشنر فضل الحسیب نے شہر کے کئی میونسپل اثاثوں کا دورہ کر کے ان کا معائینہ کیا ۔ SMC لانے کی غرض سے منڈی (ٹٹو گراونڈ) کے اثاثوں کی مادی حیت اور Pindchi سنگھ اور Bagh Nand کمشنر موصوف نے خاص طور سے اِن کو استعمال میں لانے کی موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے ’پریکشا پہ چرچا‘ کے اگلے شمارے کے لئے ایگزام واریئرزکو دعوت دی ہے کہ وہ اپنے سوالات، خیالات اور تجربات شیئر کریں جو دوسروں کو ترغیب دے سکیں۔وزیر اعظم اس پروگرام میں ایک بار پھر طلبا، والدین اور اساتذہ ملاقات کریں گے۔

ونٹر جنگل

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی5 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7 اعشاریہ 1 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ